© rasailojaraid.com



**ہمارا دشمن کون ؟** محمد انور قریشی - ناشر انجمن خدامِ اسلام پاکستان ٹاؤن شپ - لاہور۔ قیمت درج نہیں

**صنم پتھر کے** پروفیسر کمال عثمانی - امیر حزب اللہ - توحید روڈ اکیماڑی کراچی - ناشر: شعبۂ نشر و اشاعت حزب اللہ ( پتہ مذکور ) مفت تقسیم - اس کتاب میں قبر پرستی اور متعلقہ مروجاتِ مشرکانہ کا مدلل بیان ہے -

**اغلاط العوام فی احکام الاسلام** چوہدری محمد سرفراز خان - موضع کالرہ گجرات کلاں - صفحات ۱۵۰ قیمت درج نہیں -

**ماہنامہ الرائد** عربی رسالہ جو المرکز الاسلامی، مسجد بلال ( آخن ) اور اتحاد الطلبہ فی اوربا کی طرف سے ماہانہ شائع ہوتا ہے - اچھے مقالات و مضامین کا مجموعہ ہے - افتتاحیہ کے علاوہ سوالات کے جوابات بھی شائع ہوتے ہیں - سالانہ چندہ یورپ اور المغرب ( عربی ) میں ۳۰ مارک ہے - فی پرچہ ۴ مارک -

**سوئے منزل** مرتبہ: رضا فاروقی - پتہ محبوب سبحانی - الفربش - فسٹ ایڈ سنٹر ۲/۴ ۱۶۲ عزیز آباد - ڈھیچ بھاٹہ - راولپنڈی - صفحات ۳۴ - قیمت -/۲ روپے

یہ دینی و اصلاحی مضامین کا مجموعہ ہے اور اس کا سلسلۂ اشاعت نمبر ۶ ہے - یعنی اس طرح کے مجموعے مسلسل شائع ہوتے ہیں - مجموعوں کا یہ سلسلہ ادارۂ تعلیماتِ اسلامیہ راولپنڈی کے زیر اہتمام چل رہا ہے -

**یارانِ وطن** اسلام آباد سے نکلنے والا ماہنامہ - ایڈیٹر: ضیا اقبال شاہد - مجلسِ مشاورت: اشفاق احمد، ضیا جالندھری، فتح محمد ملک، پریشان خٹک، کشور ناہید، صلاح الدین محمود، غلام ربانی اگرو، عطا شاد، پاکستان میں فی پرچہ -/۵ روپے - سالانہ -/۵۰ روپے -

اس پرچے کا مقصد بیرونِ ملک کام کرنے والے پاکستانیوں کے ساتھ ثقافتی رابطہ قائم رکھنا ہے - اس کے لیے کچھ معلوماتی مواد بھی چھپتا ہے - پرچے میں ادب بہت ہے اور ثقافت اور "بھی بہت" - گانے بجانے تھرکنے کے فنونِ لطیفہ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے - رنگوں اور ڈیزائننگ کا زور ہے - ان وجوہ سے عام ذہن کے لیے یہ پرچہ بڑا پرکشش ہے - غالباً سرکاری اہتمام سے شائع ہوتا ہے -

**مجلۃ العلماء** ماہانہ رسالہ زیر نگرانی مولانا گلزار احمد مظاہری، صدر علماء اکیڈیمی، منصورہ ملتان روڈ، لاہور - صفحات: ۴۸ - قیمت فی شمارہ -/۵ روپے - اچھے طباعتی معیار کے اس رسالہ میں دینی و اخلاقی افادیت کے مضامین جمع ہیں -

© rasailojaraid.com